محمد اسحاق بھٹی

ایک حدیث

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین ہمارے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ آپ کے ارشاداتِ گرامی کو جوامع الکلم کی حیثیت حاصل ہے۔ آپ کی زبانِ مبارک سے نکلے ہوئے ہر کلمے میں صداقت و حقانیت کا ایک دریا موجزن ہے، پند و نصیحت کا ایک مرتب و خوبصورت سلسلہ ہے اور اس میں صدق و صفا کی ایسی ہمہ گیری اور جامعیت ہے، جو صرف مطلع نبوت ہی سے جلوہ گر ہو سکتی ہے۔ ذیل میں ایک حدیث درج کی جاتی ہے، جو سنن نسائی کے سوا صحاح کی تمام کتابوں میں موجود ہے۔ اس حدیث میں آنحضرت فداہ ابی و امی نے انیس باتیں بطور نصیحت بیان فرمائی ہیں۔ ایک ایک بات بے شمار صداقتوں اور حقانیتوں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔

اس حدیث کے ہر جملے پر قارئینِ کرام کی سہولت کے لیے نمبر لگا دیئے گئے ہیں۔ ذیل میں پہلے اس کے اصل الفاظ درج ہیں۔ پھر اردو ترجمہ دیا جاتا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

۱۔ ایاکم والظن فان الظن اکذب الحدیث۔

۲۔ ولا تحسّسوا

۳۔ ولا تجسّسوا

۴۔ ولا تنافسوا

۵۔ ولا تحاسدوا

۶۔ ولا تباغضوا

۷۔ ولا تدابروا

۸۔ وکونوا عباد اللہ اخوانا کما امرکم اللہ تعالیٰ۔

۹ - المسلم اخوالمسلم

۱۰- لایظلمہ

۱۱- ولا یخذلہ

۱۲- ولا یحقرہ

۱۳- بحسب امرء من الشر ان یحقر اخاالمسلم

۱۴- کل المسلم علی المسلم حرام مالہ و دمہ وعرضہ

۱۵- ان اللہ لاینظر الی صورکم واجسادکم ولکن ینظر الی قلوبکم واعمالکم۔

۱۶- التقویٰ ھھنا، التقویٰ ھھنا، ویشیر الی صدرہ

۱۷- الا لا یبیع بعضکم علی بعض

۱۸- وکونوا عباداللہ اخوانا

۱۹- ولا یحل لمسلم ان یھجر اخاہ فوق ثلاث -

(اب اسی ترتیب سے نمبروار اس حدیث کا ترجمہ ملاحظہ ہو)۔

۱ - خبردار! بدگمانی سے اپنے آپ کو محفوظ رکھو۔

۲ - لوگوں کی عیب جوئی نہ کرتے پھرو -

۳- کسی کا تجسس نہ کرو۔

۴ - (ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کے لیے) باہم جھگڑا نہ کرو۔

۵ - آپس میں حسد نہ کرو۔

۶ - ایک دوسرے کے خلاف (دلوں میں) بغض نہ رکھو -

۷ - پسِ پشت کسی کی برائی نہ کرو -

۸- اے اللہ کے بندو! آپس میں بھائی بھائی بن کر رہو، جیساکہ تم کو اللہ کا حکم ہے -

۹- مسلمان مسلمان کا بھائی ہے -

۱۰۔ بھائی، بھائی پر ظلم نہ کرے۔

۱۱۔ نہ اُسے بے عزت کرے۔

۱۲۔ نہ اُسے حقیر اور کمزور سمجھے۔

۱۳۔ انسان کے لیے یہی بُرائی بہت ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے۔

۱۴۔ مسلمان کا مال اور خون اور عزت، دوسرے مسلمان پر حرام ہے۔

۱۵۔ اللہ تعالیٰ تمہاری شکلوں اور جسموں کو نہیں دیکھتا، وہ تمہارے دلوں اور عملوں کو دیکھتا ہے۔

۱۶۔ دل کی طرف اشارہ کر کے (آنحضرتؐ نے فرمایا) تقویٰ یہاں ہے، تقویٰ یہاں ہے۔

۱۷۔ خبردار! ایک شخص کی خرید پر دوسرا شخص خریدار نہ بنے۔

۱۸۔ اللہ کے بندو! بھائی بھائی بن کر رہو۔

۱۹۔ مسلمان کے لیے یہ حلال نہیں ہے کہ اپنے بھائی کو تین دن سے زیادہ دن چھوڑے (یعنی تین دن سے زیادہ اس کے ساتھ رنجش یا غصے کی وجہ سے بول چال بند رکھے)۔

غور فرمائیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث کے الفاظ کس درجہ مختصر ہیں اور اس کا ترجمہ اور مفہوم کتنا عمدہ ہے۔ اس کی ہمہ گیری کا یہ عالم ہے کہ اس میں معاشرے کے ہر طبقے کے لیے نصیحت و موعظت کا ایک ذخیرہ موجود ہے۔ اور ایک ایک جملے میں وسعت و جامعیت کی ایک دنیا پنہاں ہے۔